ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

پریس ریلیز

کراچی 04 جولائی 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے تھانہ کلچر تبدیلی مہم کے دوران صوبائی سطح پر پہلی پوزیشن حاصل کرنیوالے ڈی آئی جی حیدرآباد نعیم شیخ اور ضلع سکھر کے ایس ایس پی عرفان علی سموں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے شاباش دی ہے اور بالترتیب ایک ایک لاکھ روپے انعام وتعریفی اسناد دینے کا اعلان کیا ہے۔

تفصیلات کیمطابق مذکورہ مہم کے دوران مجموعی طور پر سندھ بھر میں رینج/زون/ ڈسٹرکٹس کی سطح پر تھانہ اسٹاف شکایات ازالہ، عوامی شکایات ازالہ، کمیونٹی پولیسنگ، امن کمیٹیوں سے، سیاسی سماجی، مذہبی قائدین، علاقہ معززین سے ملاقات، ضلعی وتھانوں کی سطح پر عوام سے روابط، کمپیوٹرائزڈ ایف آئی آرز رجسٹریشن اقدامات، انفارمیشن ٹیکنالوجی سمیت مفاد عامہ کے تحت اٹھائے گئے دیگر امور واقدامات کی مجموعی تعداد 5367 رہی۔

تھانہ کلچر کے حوالے سے پولیس رینج کی سطح پر پہلی پوزیشن حیدرآباد نے حاصل کی جس نے جملہ مذکورہ امور کے حوالے سے 1285 اقدامات اُٹھائے جبکہ ضلعی سطح پر سکھر نے دوران مہم 681 اقدامات اٹھائے اور پہلی پوزیشن حاصل کی۔

رپورٹ کیمطابق مذکورہ مہم کے تحت سکھر نے دوسری، لاڑکانہ نے تیسری جبکہ، ویسٹ، ایسٹ، شہید بینظیرآباد، ساؤتھ، رینج/زونز نے بالترتیب تیسری، چوتھی، پانچویں، چھٹی اور ساتویں پوزیشن حاصل کی جبکہ میرپورخاص رینج نے تھانہ کلچر مہم کے تحت آخری پوزیشن حاصل کی۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔